## فرسودہ جاگیردارانہ اوروڈیرانہ نظام اور پاکستان ایک ساتھ نہیں چل سکتے۔الطاف حسین

## پنجاب میں جلد سے جلد گورنرراج ختم کرکے جمہوری عمل بحال کیا جائے

## مسلم لیگ (ن) اور پیپلزپارٹی سیاسی اختلافات کودشمنی کارنگ دینے کے بجائے اتحاد کا مظاہرہ کریں

## ملک سنگین خطرات میں گھرا ہوا ہے، ڈرون حملوں کا دائرہ بلوچستان اور دیگر حصوں تک بڑھانے کی خبریں آرہی ہیں

## کراچی سمیت 25 شہروں میں ایم کیوایم کے سلورجوبلی کے اجتماعات سے بیک وقت خطاب

لندن۔۔۔18، مارچ2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام اور پاکستان ایک ساتھ نہیں چل سکتے اور پاکستان کے مظلوم ، محروم اور محکوم عوام نے ہمت وجرات سے کام نہ لیا اور فرسودہ جاگیردانہ نظام کے خلاف جدوجہد نہ کی تو پاکستان کی سلامتی وبقاء کو خطرات لاحق ہوسکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پنجاب میں جلد سے جلد گورنرراج ختم کرکے جمہوری عمل بحال کیا جائے۔انہوں نے مسلم لیگ (ن) اور پیپلزپارٹی کے رہنماؤں سے دردمندانہ اپیل کی کہ وہ ملک کی سلامتی وبقاء کی خاطر سیاسی اختلافات کو دشمنی کا رنگ دینے کے بجائے اتحاد کا مظاہرہ کریں۔یہ بات انہوں نے بدھ کی شب ایم کیوایم کے سلور جوبلی یوم تاسیس کے سلسلے میں جناح گراؤنڈ کراچی، پکا قلعہ حیدرآباد، میرپورخاص، سکھر، سانگھڑ، جیکب آباد، قمبر شہدادکوٹ، شکارپور، کشمور، گھوٹکی، نوشہروفیروز، لاڑکانہ، دادو، بدین، ٹھٹھہ، نواب شاہ، ٹنڈوالہیار، جامشورو، عمرکوٹ، وفاقی دارالحکومت اسلام آباد، صوبہ بلوچستان کے شہر کوئٹہ، آزادکشمیر مظفرآباد، گلگت اور ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں منعقدہ اجتماعات سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان پرگزشتہ 61 برسوں سے چند خاندانوں پر مشتمل فرسودہ جاگیردارانہ نظام رائج ہے اور اب یہ ملک ان چند خاندانوں سے آزادی چاہتا ہے، فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور قبائلی نظام سے نجات چاہتا ہے۔انہوں نے کہا کہ جاگیردارانہ نظام اور پاکستان ایک دوسرے کی ضد ہیں اور اسی وجہ سے آدھا پاکستان ہم سے جدا ہوگیا۔انہوں نے کہا کہ ملک کے غریب عوام، ہاری، کسان، مزدوراور مزارعوں نے جنہیں پاکستان کی سلامتی وبقاء عزیز ہے اگر ہمت وجرات سے کام نہ لیا اور ایک پرچم تلے جمع ہوکر فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف جدوجہد نہ کی تو انہیں یاد رکھنا چاہئے کہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور پاکستان ایک ساتھ نہیں چل سکتا۔اب یہ پاکستان کے مظلوم ومحکوم عوام، دانشوروں، اساتذہ کرام، طلبا وطالبات اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کا فرض ہے کہ وہ پاکستان کی سلامتی وبقاء کو یقینی بنانے کیلئے میدان عمل میں آکر جدوجہد کریں۔انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے چور، لٹیرے اور سرکاری خزانہ پرڈاکہ ڈالنے والے محبّ وطن بن بیٹھے اور غریب ومتوسط طبقہ سے جنم لینے والی جماعت متحدہ قومی موومنٹ کو ملک دشمن قرار دیدیا گیا اور اس پر طرح طرح کے جھوٹے الزامات لگاکر ملک بھر کے عوام کے ذہنوں کو پراگندہ کیا گیا لیکن اب پاکستان کے عوام کو ملک بچانے اور فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے بیدار ہونا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین پاکستان کو ترقی وخوشحالی کی راہ پرگامزن دیکھنا چاہتا ہے۔اگر میں اپنے لئے اقتدار چاہتا تو میں کونسلر، ایم پی اے، ایم این اے بنتا یا وزارت حاصل کرتا لیکن میں کبھی سینیٹ، قومی یا صوبائی اسمبلی کا رکن نہیں بنا اور نہ ہی میرے بھائی یا بہن نے کسی ایوان کی رکنیت حاصل کی۔انہوں نے کہا کہ جب صوبہ پنجاب میں گورنرراج نافذ کیا گیا تو ہم نے اس کی مخالفت کی اور آج بھی ہمارا مطالبہ ہے کہ جتنی جلد ممکن ہوسکے صوبہ پنجاب سے گورنرراج ختم کرکے وہاں جمہوری عمل بحال کیا جائے۔جناب الطاف حسین نے تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں سے ایک مرتبہ پھر دردمندانہ اپیل کی کہ وہ سیاسی اختلافات ضرور رکھیں لیکن ان اختلافات کو دشمنی کا رنگ نہ دیں۔انہوں نے مسلم لیگ (ن) اور پیپلزپارٹی کے رہنماؤں سے بھی دردمندانہ اپیل کی کہ وہ ملک کی سلامتی وبقاء کی خاطر سیاسی اختلافات کو دشمنی کا رنگ دینے کے بجائے اتحاد کا مظاہرہ کریں، پرانی باتوں کو بھلا کر اپنے دلوں کو صاف کریں اور ملک کی سلامتی وبقاء کی خاطر صبر وتحمل کا مظاہرہ کریں۔انہوں نے مزید کہا کہ اس وقت ملک کو سیاسی اختلافات کی نہیں بلکہ یکجہتی اور اتحاد کی ضرورت ہے کیونکہ اخبارات میں خبریں شائع ہورہی ہیں کہ ڈرون حملے جوکہ نادرن ایریاز میں ہورہے تھے اب ان کا دائرہ کار وسیع کرکے صوبہ بلوچستان سمیت پاکستان کے دیگر حصوں تک بڑھایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب ملک سنگین بحرانوں اور خطرات میں گھرا ہوا ہے، ان حالات میں ہمیں آپس میں دست وگریباں ہونے سے گریز کرنا چاہئے اسی میں پاکستان اور اس کے عوام کی بھلائی ہے۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران اور کارکنان کو ایم کیوایم کے 25ویں یوم تاسیس کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری دنیا معاشی بحران کا شکار ہے اور پاکستان کو معاشی بحران کے علاوہ دیگر خطرات بھی درپیش ہیں، ملک کے شمالی علاقہ جات، صوبہ بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال ابتر ہے جبکہ ملک کے سب سے بڑے صوبے صوبہ پنجاب میں گزشتہ دو برسوں سے سیاسی محاذ آرائی اور تصادم کی صورتحال خانہ جنگی کی جانب بڑھ رہی تھی۔ایک جانب سیاسی جماعتیں آپس کی چپقلش کا شکار تھیں اور دوسری جانب عدلیہ کے بحران نے ایسا رخ اختیار کرلیا تھا کہ انصاف کا مطالبہ

تو ایک طرف رہ جاتا اور خاکم بدہن ملک کی سلامتی وبقاء کو خطرہ لاحق ہو گیا تھا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کا سلور جوبلی یوم تاسیس اتنا مبارک ثابت ہوا کہ عدلیہ کا دوسالہ مسئلہ ایم کیوایم کے یوم تاسیس سے دوروز قبل ہی حل ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنی تقاریر اور بیانات میں تمام سیاسی جماعتوں سے اپیل کرتا رہا ہوں کہ وہ اللہ اور رسولؐ کے واسطے سیاسی محاذ آرائی اور تصادم کے بجائے افہام وتفہیم کا راستہ اختیار کریں، بات چیت اور مذاکرات کا آغاز کریں اور تمام معاملات کو میز پر بیٹھ کر حل کریں۔ انہوں نے کہا کہ جمہوری اصولوں کے مطابق اختلاف رائے رکھنا اور ایک دوسرے کے نقطہ نظر سے اختلاف کرنا تمام جماعتوں کا جمہوری حق ہے لیکن سیاسی اختلافات کو جنگ وجدل تک لے جانا نہ تو جمہوریت کے حق میں بہتر ہے اور نہ ہی یہ عمل ملک میں یکجہتی، استحکام اور سلامتی کیلئے بہتر ہے۔ جناب الطاف حسین نے ایک مرتبہ پھر تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں سے دردمندانہ اپیل کی کہ وہ اپنے اختلافات کے ساتھ ساتھ سیاسی ادب وآداب کا بھی خیال رکھیں اور اختلافات کو دشمنی اور نفرتوں کا رنگ نہ دیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک کے عوام لوڈشیڈنگ، مہنگائی، بے روزگاری اور دیگر مسائل سے پریشان ہیں، لوگ اپنے مسائل سے تنگ آکر مجبوراً اپنے بچوں کو فروخت کررہے ہیں اور بھوک وافلاس کے باعث بچوں سمیت خودکشی کررہے ہیں اور عوام کے ان تمام مسائل کے بارے میں سوچنا سیاسی رہنماؤں کا بنیادی کام ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ صوبہ پختونخواہ اور صوبہ بلوچستان حالت جنگ میں ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے عدلیہ کے بحران کے حل سے صوبہ پنجاب میں غیریقینی حالات بہتر ہو گئے ہیں۔ انہوں نے عدلیہ کے بحران کے حل پر صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری سمیت تمام معزول ججوں، وکلاء برادری، سول سوسائٹی، مسلم لیگ (ن) کے سربراہ میاں محمد نواز شریف، سابق وزیراعلیٰ پنجاب میاں محمد شہباز شریف، مسلم لیگی رہنماؤں اور کارکنوں کو بھی دلی مبارکباد پیش کی۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم نے جس سے ہاتھ ملایا اس سے وفا کی، کسی سے بیوفائی نہیں کی لیکن اس کے بدلے میں سب نے ایم کیوایم کے ساتھ بیوفائیاں کیں۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ رات کراچی میں ایک افسوسناک واقعہ ہوا، کسی کرمنل شخص کا قتل ہوا قتل کی یہ واردات رات پونے ایک بجے ہوئی جبکہ ایم کیوایم کے تمام سیکٹر انچارجز، یونٹ انچارجز اور تمام ونگز اور شعبوں اور یونٹوں کے کارکنان ایم کیوایم کی سلور جوبلی کی مبارکباد کیلئے نائن زیرو پر رات دو بجے تک جمع تھے لیکن پیپلزپارٹی کے کچھ رہنماؤں نے پولیس پر دباؤ ڈال کر اس واقعہ کی ایف آئی آر ایم کیوایم کے سیکٹر انچارج، یوسی ناظم اور کارکنوں کے خلاف درج کروادی۔ انہوں نے کہا کہ ایسی جھوٹی ایف آئی آر ایم کیوایم کیلئے کوئی نئی بات نہیں بلکہ اس سے پہلے بھی ایم کیوایم کے کارکنوں کے خلاف اسی طرح کی جھوٹی ایف آئی آر کٹتی رہی ہیں اور ایم کیوایم کی 25 سالہ جدوجہد میں ایم کیوایم کے کارکنوں کے خلاف جتنے جھوٹے مقدمات بنائے گئے اتنے مقدمات پاکستان کی 61 سالہ تاریخ میں کسی جماعت کے خلاف نہیں بنائے گئے۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم صاحب اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر سوچیں کہ کیا گزشتہ دنوں حکومت پر کڑا وقت آیا تو کیا ایم کیوایم الطاف حسین نے پیپلزپارٹی کے لوگوں سے بڑھ کر پیپلزپارٹی کا ساتھ نہیں دیا؟ کیا وفا نبھانے والے دوستوں کے ساتھ ایسا ہی سلوک کیا جاتا ہے؟ انہوں نے کہا کہ یہ حرکت پیپلزپارٹی اور ایم کیوایم کے درمیان اتحاد کی فضاء کو خراب کرنے کیلئے کی گئی ہے لہٰذا میں وزیراعظم صاحب سے دردمندانہ اپیل کرتا ہوں کہ اس کا سختی سے نوٹس لیا جائے تاکہ ایم کیوایم اور پیپلزپارٹی ملکر ملک کی خدمت کرسکیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کئی امتحانات سے گزر کر آج سلور جوبلی منارہی ہے لیکن تمام تر امتحانات کے باوجود بھی وہ آج ہر گزرتے دن کے ساتھ ایم کیوایم کی مقبولیت میں اضافہ ہی ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس تحریک کی جدوجہد میں ہزاروں کارکنوں کا لہو شامل ہے، آج بھی درجنوں ساتھی لاپتہ ہیں، بہت سے اسیر ہیں، سینکڑوں خاندان دربدر ہوئے، یہ تحریک ہزاروں سہاگن بہنوں، ماؤں اور یتیم بچوں کے آنسوؤں، دکھوں، غموں اور ماتموں سے بھری تحریک ہے، یہ شہیدوں کی قربانیوں اور آہوں، سسکیوں سے گزر کر یہاں تک پہنچی ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہیدوں کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے، جو ساتھی لاپتہ ہیں اگر وہ زندہ ہیں تو واپس آجائیں اور اگر وہ شہید کردیئے گئے تو انہیں اپنی جوار رحمت میں جگہ دے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ قربانیوں کے بعد یہاں تک پہنچی ہے اور اب سندھ سے نکل کر چاروں صوبوں اور کشمیر میں پہنچ گئی ہے اور وہ دن دور نہیں ہے کہ جب پنجاب کے عوام، دانشور، صحافی، فنکار، بزرگ بھی حقائق کو جانیں گے اور اسٹیٹس کو کو توڑنے کیلئے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کو ختم کرنے کیلئے ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم بلوچستان کے محروم عوام کے زخموں پر بھی مرہم رکھنا چاہتے ہیں، ہمیں صوبہ سرحد کے کسمپرسی کی زندگی گزارنے والے عوام کا بھی احساس ہے، ایم کیوایم نے باجوڑ کے بیدخل خاندانوں کیلئے 15 لاکھ روپے سرکاری خزانے میں جمع کرائے، ہمیں فاٹا اور شمالی علاقہ جات کے مصیبت زدہ عوام کی کسمپرسی دیکھ کر ہمارے دل خون کے آنسو روتے ہیں۔ انہوں نے رابطہ کمیٹی کو ہدایت کی کہ قبائلی اور شمالی علاقہ جات کے مصیبت زدہ عوام کی حتی المقدور مدد کی جائے۔ جناب الطاف حسین نے کاروکاری، غیرت کے نام پر قتل، جبری شادی اور خواتین کے ساتھ ہونے والے دیگر مظالم کی شدید مذمت کی اور کہا کہ ہم خواتین کو ان مظالم سے نجات دلانا چاہتے ہیں اور انہیں زندگی کے ہر شعبہ میں مساوی حقوق دلانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے مذہبی انتہاپسندوں کی جانب سے لڑکیوں کے اسکولوں کو تباہ کرنے کی بھی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے عوام متحد ہو کر اس عمل کو روک سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں شاہ لطیفؒ کی دھرتی کا بیٹا ہونے کی حیثیت سے یہ

بتانا چاہتا ہوں کہ اگر سندھ میں کسی نے لڑکیوں کے اسکولوں کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی تو ایم کیوایم اس کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن جائے گی ۔انہوں نے کہا کہ ہم پاکستان میں آباد تمام مذہبی اقلیتوں کو پاکستان کے شہری کی حیثیت سے مساوی حقوق دلانا چاہتے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ پاکستان کو بچانے کیلئے صوبوں کو مکمل صوبائی خودمختاری دی جائے ۔ جناب الطاف حسین نے نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ فضولیات میں اپنا وقت ضائع کرنے کے بجائے علم حاصل کریں کیونکہ یہ علم اور ٹیکنالوجی کی صدی ہے اور دنیا میں وہی قومیں ترقی پاتی ہیں جو علم حاصل کرتی ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ہم نوجوانوں کو ان کے پاؤں پر کھڑے کرنے کیلئے بیروزگار نوجوانوں کو قرضہ فراہم کرنے کیلئے مائیکروفائنانسنگ اسکیم کا آغاز کریں گے ۔ جناب الطاف حسین نے تمام تر مصائب ومشکلات اور آزمائشوں کے باوجود ثابت قدم رہنے پر تحریک کے تمام کارکنوں کو سیلوٹ پیش کیا ۔انہوں نے تمام تر پروپیگنڈوں کے باوجود ایم کیوایم سے جڑے رہنے پر تمام پنجابی ،پختون ، بلوچ ،سندھی ،سرائیکی ،کشمیری ،گلگتی ، ہزارے وال ،تمام برادریوں اور مذہبی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے کارکنوں ، ماؤں ، بہنوں ، بزرگوں اور نوجوانوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ۔ جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر میں موجود ایم کیوایم کے تمام کارکنوں کو ایم کیوایم کی سلور جوبلی کی مبارکباد پیش کی اور دعا کی کہ یہ سلور جوبلی تحریک اور پورے ملک کے عوام کیلئے باعث برکت ثابت ہو ۔

## الطاف حسین آج بھی عوام کے دلوں پر راج کرتے ہیں ،شعیب بخاری
## یوم تاسیس جہد مسلسل کا نام ہے ،وسیم آفتاب
## الطاف حسین کا نظریہ ملک کے کونے کونے میں پھیل چکا ہے ،اشفاق منگی
## الطاف حسین کی قیادت پوری قوم کیلئے نعمت ہے ،مصطفیٰ کمال
## ایم کیوایم کا 25ویں یوم تاسیس کی تقریب سے مقررین کا خطاب

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری نے کہا کہ کچھ لوگ اس وقت بھی جب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی جدوجہد کا آغاز کیا اور آج بھی کچھ لوگ ان سے اختلاف رکھتے ہیں لیکن تمام تر مخالفتوں کے باوجود ایم کیوایم کی جدوجہد ملک کے غریب ومظلوم عوام کے دلوں میں جگہ کئے ہوئے ہے ۔انہوں نے کہا کہ مورخ نے جو تاریخ لکھ رہا ہے اس نے ایم کیوایم کی تاریخ بھی لکھی ہے اور وہ لکھ رہا ہے کہ الطاف حسین آج بھی عوام کے دلوں پر راج کرتے ہیں ،ایم کیوایم کی 25 سالہ جدوجہد میں حق پرست شہداء کے لازوال قربانیوں سے عبارت ہے اور یہ مقام بھی شہداء کی قربانیوں کا ثمر ہے ۔انہوں نے کہا کہ جو لوگ الطاف حسین سے اختلاف رکھتے ہیں انہیں اپنی حقائق بھی تسلیم کرنے چاہئیں اور زمینی حقائق یہ ہے کہ ایم کیوایم مظلوموں کی جماعت ہے ۔انہوں نے کہا کہ تاریخ عوام خود لکھتے ہیں اور ایم کیوایم کی تاریخ کراچی سے کشمیر تک لکھی جاچکی ہے ۔ جو عوام نے اپنے دلوں میں لکھی ہے ۔انہوں نے ایم کیوایم کے آغاز کے واقعات کو دوہراتے ہوئے نشتر پارک کے جلسے کا ذکر کیا اور عوام میں پائے جانے والے جوش وجذبے کو بیان کیا ۔ انہوں نے کہا کہ آپ دنیا میں کسی بھی لیڈر چن لیجئے لیکن جتنا ظلم وستم ایم کیوایم پر ہوا اس ظلم وستم کے بعد ان کا نام لینے والا کوئی نہیں ہے لیکن الطاف حسین آج بھی عوام کے دلوں پر حکمرانی کررہے ہیں اور کرتے رہیں گے ۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اس پاکستان کو خوشحال اور توانا بنائیں گے اور پوری قوم ان کے ساتھ ہے ۔ جلسے سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کا یوم تاسیس ہمارے جہد مسلسل کا نام ہے اور پیغام امن کا نام ہے اس کے پیچھے لازوال قربانیاں ہیں جنہوں نے پاکستان کی بنیادوں میں اپنا لہو ڈالا ہے ۔ہم ایک مسلسل جہد والی تاریخ ہیں ،ہم ٹیپو سلطان کا تسلسل ہیں ،اس خطے اور ملک میں جب ہمارے خلاف باتیں کی جاتی ہے تو وہ تمام یادیں تازہ ہوجاتی ہیں جب انگریزوں نے ہمارے بزرگوں کو ظلم وستم کا نشانہ بنایا تھا ،ہمیں غداری کا سرٹیفکیٹ دینے والے خود بتائیں کہ انہیں حب الوطنی کے سرٹیفکیٹ کس نے اور کب جاری کیا ۔قائد تحریک نے ہمیشہ مفاہمتی عمل کو جاری رکھنے کیلئے عملاً کوششیں کی اور کررہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ان لوگوں کو ان تمام سوالوں کا جواب دینا چاہئے جو ہماری طرف انگلیاں اٹھا رہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ہم نے نظام کی تبدیلی کی بات کی ہے ۔اس تبدیلی کی بات کرنے پر ایم کیوایم کو ریاستی ظلم وستم کا نشانہ بنایا گیا ہے ،ہم آج بھی عوام کے دلوں میں موجود ہیں ۔انہوں نے کہا کہ وہ صبح ایم کیوایم کی جدوجہد سے ہی آئے گی جس کا منظر قائد تحریک نے عوام کے سامنے پیش کردیا ہے ۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کو اپنی اور پوری پاکستانی قوم کی جانب سے ایم کیوایم کے 25ویں یوم تاسیس کی مبارکباد پیش کی اور کہا کہ آج الطاف حسین کے نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی صرف کراچی تک محدود نہیں رہا بلکہ نظریہ ملک کے کونے کونے میں پھیل چکا ہے اور ایم کیوایم کی جدوجہد میں سندھی ، بلوچ ،

پختون، پنجابی، سرائیکی، ہزارہ وال، کشمیری اور دیگر مذاہب وقومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد بھی شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم وڈیروں، جاگیرداروں کی جماعت نہیں بلکہ غریب ومظلوم عوام کی نمائندہ جماعت ہے جو پورے پاکستانی مظلوموں کا قلعہ بنا کردم لیں گے۔جلسہ سے سٹی ناظم سید مصطفی کمال نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالی کا لاکھ لاکھ شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالی نے ہم کو جو قائد دیا ہے وہ پوری قوم کیلئے نعمت ہیں۔انہوں نے جماعت اسلامی اور اسلامی جمعیت طلبہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اگر وہ 1981ء کو ان لوگوں نے الطاف حسین کو جامعہ کراچی سے باہر نہ کرتے تو آج ملک بھر کے عوام کو الطاف حسین نہیں مل پاتا۔انہوں نے مزید کہا کہ چند روز قبل میں امریکہ میں تھا اور ہم 25ویں سالگرہ منارہے تھے۔انہوں نے کہا کہ آج اس پرمسرت موقع پر میں ان اسٹیبلشمنٹ کے لوگوں کا بھی شکریہ ادا کرونگا کہ جنہوں نے ایم کیوایم کے خلاف آپریشن کرنے، ایم کیوایم کی آواز کو دبانے کی کوشش کی اور ایم کیوایم کو کراچی، حیدرآباد اور میرپورخاص سے نکال کر پوری دنیا میں پھیلا دیا۔انہوں نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کو ایم کیوایم کے یوم تاسیس کی مبارکباد دی۔جلسہ عام سے حق پرست رکن قومی اسمبلی وقومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدرعباس رضوی اور حق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری نے بھی خطاب کیا۔

## ایم کیوایم کے 25ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں جناح گراؤنڈ میں فقید المثال جلسہ عام

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

ایم کیوایم کے 25ویں یوم تاسیس کی سلور جوبلی کے سلسلے میں ایک فقید المثال جلسہ عام بدھ کو عزیز آباد کے جناح گراؤنڈ میں منعقد ہوا جس سے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن سے تاریخ ساز ٹیلیفونک خطاب کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے تقریباً تمام ارکان کے علاوہ حق پرست سینیٹرز، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، وفاقی وصوبائی وزراء، صوبائی مشیران، ناظم کراچی، نائب ناظم کراچی، ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین اور کونسلرز کے علاوہ حق پرست عوام لاکھوں کی تعداد میں شریک ہوئے جس میں خواتین، بزرگ اور بچے بھی ایک بڑی تعداد میں شامل تھے۔اس جلسہ کے جملہ انتظامات ایم کیوایم کے کارکنان نے سنبھال رکھے تھے۔یہ جلسہ ایم کیوایم کے روایتی نظم وضبط کا شاندار مظہر تھا۔جناح گراؤنڈ کی جلسہ گاہ میں ایم کیوایم کے پرچموں اور برقی قمقموں، رنگ ونور کا ایک سیلاب امڈ آیا تھا۔جلسہ گاہ میں ہزاروں حق پرست عوام نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کا تاریخی خطاب پوری یکسوئی اور اطمینان کے ساتھ سنا۔مغرب کے بعد ہی جلسہ گاہ حق پرست عوام سے مکمل طرح پر ہوچکی تھی جس کے باعث اتنے ہی تعداد میں حق پرست عوام جناح گراؤنڈ کے اطراف میں کھڑے ہوئے تھے۔اس موقع پر حق پرست عوام نے انفرادی اور چھوٹے چھوٹے جلوسوں کی شکل میں جلسہ عام میں شرکت کی اور شام ہی سے جلوس شہر کے مختلف علاقوں سے جلسہ گاہ کی طرف گامزن تھے شہر کے مختلف علاقوں میں ایم کیوایم کے مختلف سیکٹروں اور یونٹوں کی جانب سے سینکڑوں کی تعداد میں استقبالیہ کیمپ لگائے گئے تھے جہاں سے جلسہ میں شرکت کے خواہشمند حق پرست عوام کی رہنمائی کی جاتی رہی۔بعض شرکاء اپنے ساتھ ڈھول تاشے بھی ساتھ لیکر آئے تھے وہ وقفہ وقفہ سے پرجوش انداز میں ڈھول بجا کر اپنی خوشی کا اظہار کرتے رہے اور جلسہ گاہ ایم کیوایم اور قائد تحریک الطاف حسین کے حق میں لگائے گئے۔جلسہ گاہ میں یک اسٹیج بھی بنایا گیا تھا جس کی پشت پر ایک خوبصورت اسکرین موجود تھی جس کے اوپر ایم کیوایم اور پاکستان کے پرچم لہرارہے تھے اور اسکرین پر تحریر تھا کہ ایم کیوایم کا پچیسواں یوم تاسیس 18مارچ 1984 تا 18مارچ 2009ء اور سلور جوبلی تحریر تھا اور متحدہ قومی موومنٹ کے قائد کی ایک تصویر بھی اس اسکرین پر آویزاں تھی۔دوسری جانب جناح گراؤنڈ اور اس کے اطراف کی عمارتوں کو ایم کیوایم کے پرچموں اور برقی قمقموں اور بڑے بڑے بینرز سے سجایا گیا تھا۔ان بینرز پر انقلابی اشعار جناب الطاف حسین کے ارشادات اور خیر مقدمی نعرے درج تھے۔ایم کیوایم کی میڈیکل ایڈ کمیٹی نے کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے کئی میڈیکل کیمپ لگائے تھے جس میں ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے علاوہ ایمبولینس بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کی جانب سے ترانوں پر مشتمل ڈی وی ڈی ’’عزم سفر‘‘ کا اجراء

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ اطلاعات کی جانب سے ایم کیوایم کے 25ویں ’’سلور جوبلی‘‘ یوم تاسیس کے پرمسرت موقع پر تنظیمی ترانوں پر مشتمل یادگار ڈی وی ڈی ’’عزم سفر‘‘ جاری کی گئی۔ویڈیو میں ایم کیوایم کے 25 سالہ عمل جدوجہد، تنظیمی ترانوں کے مطابق عکس بند کیا گیا ہے۔ڈی وی ڈی کا باقاعدہ اجراء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ایم کیوایم کے 25ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقدہ جلسہ عام کے موقع پر کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم شعبہ اطلاعات اور میڈیا کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔یہ ڈی وی ڈی ’’عزم سفر‘‘ متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو یا شعبہ اطلاعات سے مناسب قیمت پر دستیاب ہے۔

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی جانب سے جناح گراؤنڈ میں ایم کیوایم کے پرچم تقسیم کئے گئے

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کی جانب سے ایم کیوایم کے 25ویں یوم تاسیس کے موقع پر جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقدہ جلسہ عام میں شریک ہزاروں شرکاء میں ایم کیوایم کے پرچم تقسیم کئے گئے۔ لیبر ڈویژن کی جانب سے ایم کیوایم کے پرچموں کی تقسیم سے پورا جناح گراؤنڈ ایم کیوایم کے پرچموں سے خوبصورت منظر پیش کررہا تھا۔ جسے جلسہ گاہ میں موجود فوٹو گرافروں اور کیمرہ مینوں نے اپنے کیمروں کی آنکھ محفوظ کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کے عوام اور کارکنان کا جوش وخروش قابل دید تھا۔

## الطاف حسین کا خطاب کراچی، اسلام آباد، آزاد کشمیر، گلگت سمیت 25 مقامات پر بیک وقت سنا گیا

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت بدھ کے روز ایم کیوایم کے 25ویں یوم تاسیس سلور جوبلی کے موقع پر ہونے والے بڑے جلسوں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کا خطاب لندن، کراچی، اسلام آباد، آزاد کشمیر اور گلگت سمیت حیدرآباد، میرپورخاص، سکھر، جیکب آباد، قمبر شہدادکوٹ، شکارپور، کشمور، خیرپور، گھوٹکی، نوشیروفیروز، لاڑکانہ، دادو، بدین، ٹھٹھہ، نوابشاہ، سانگھڑ، ٹنڈو الہ یار، جامشورو، عمرکوٹ میں بیک وقت سنا گیا۔

## بزرگ شعراء عاقل بریلوی اور راغب مرادآبادی نے الطاف حسین کا فکرانگیز خطاب سماعت کیا

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

ایم کیوایم کے یوم تاسیس سلور جوبلی کے موقع پر کراچی کے جناح گراؤنڈ میں ہونے والے عظیم الشان جلسہ عام میں برصغیر پاک وہند کے نامور ممتاز شاعر اور ادیب جناب راغب مرادآبادی نے اپنی بزرگی، پیرانہ سالی اور علالت کے باوجود شرکت کی اور جناب الطاف حسین کا فکرانگیز خطاب سماعت کی۔

## ایم کیوایم کے 25ویں یوم تاسیس کے اجتماع کی جھلکیاں

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

ایم کیوایم کا 25واں ''سلور جوبلی'' یوم تاسیس 18 مارچ بروز بدھ کو ملک بھر میں انتہائی جوش وخروش سے منایا گیا۔سلور جوبلی یوم تاسیس کے سلسلے میں کراچی سمیت اندرون سندھ، ایم کیوایم کے تمام زونل دفاتر، پنجاب، بلوچستان اور آزاد کشمیر میں یوم تاسیس کی تقریبات منعقد ہوئی۔جس سے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین انتہائی اہم ٹیلیفونک خطاب کیا اور تمام کارکنان وحق پرست عوام کو ایم کیوایم کی جدوجہد کے 25 سال مکمل ہونے پر مبارکباد۔ یوم تاسیس تقریبات کے سلسلے میں مرکزی اجتماع عزیز آباد جناح گراؤنڈ میں ہوا جس میں ایم کیوایم کے کارکنان کے علاوہ شعبہ جات، ونگ کے ارکان اور حق پرست نمائندوں نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی اور جناب الطاف حسین کو حق پرستانہ قیادت پر خراج تحسین اور مبارکباد پیش کی۔ یوم تاسیس کے اجتماع سے جناب الطاف حسین کے خطاب کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز کے نزدیک جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں زبردست انتظامات کئے گئے تھے اور جناح گراؤنڈ میں بڑا پنڈال تیار کیا گیا تھا جبکہ مغرب کی جانب خوبصورت اسٹیج تعمیر کیا گیا تھا جس کے عقب میں 25 یوم تاسیس ''سلور جوبلی'' کی بڑی کلرفل اسکرین لگائی گئی تھی۔اسکرین پر جناب الطاف حسین کی اظہار یکجہتی کرتے ہوئے خوبصورت تصویر آویزاں گئی تھی۔اسٹیج کے سامنے کارکنان کیلئے فرشی نشستوں کا اہتمام کیا گیا تھا۔جبکہ اسٹیج کے بائیں جانب صحافیوں کیلئے پریس گیلری بنائی گئی تھی۔ پنڈال میں جہازی سائز غبارے لگائے گئے تھے جو بچوں کی گہری دلچسپی کا مرکز بنا رہا۔یوم تاسیس کے سلسلے میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو، ایم پی اے ہاسٹل، خورشید بیگم میموریل ہال سمیت قرب وجواب کی عمارتوں کو برقی قمقموں اور جناح گراؤنڈ جانے والے تمام داخلی راستوں کو خوبصورت راہداریوں سے سجایا گیا تھا۔حفاظتی انتظامات کے پیش نظر جناح گراؤنڈ میں دو بڑے داخلی راستے بنائے گئے تھے جن پر اسکینرز مشین لگائی گئی تھی جہاں سے جناح گراؤنڈ میں داخل ہونے والے تمام شرکاء کو اسکین کیا جارہا تھا۔اسٹیج کے سامنے خوبصورت عارضی فوارہ بنایا گیا تھا عقب میں پھولوں سے انگریزی میں "Congratulation Silver Jublee" لکھا گیا تھا جو شرکاء کی توجہ کا مرکز بنا رہا۔پنڈال میں لائٹنگ کے زبردست انتظامات کئے گئے تھے۔جلسہ گاہ میں نظامات کے فرائض قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی

پارلیمانی لیڈر رحید رعباس رضوی، حق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری، میڈیا کمیٹی کے جوائنٹ انچارج شریف علی رعنا اور دیگر نے انجام دیئے، کاروائی کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا اس موقع پر مولانا فیرز الدین رحمانی نے تلاوت کی۔ اسٹیج پر رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری، انیس احمد قائم خانی، وسیم آفتاب، شکیل عمر، شاہد لطیف، نیک محمد، ڈاکٹر نصرت، آنسہ ممتاز انور اور اشفاق منگی تشریف فرما تھے۔ ٹھیک 9 بجکر 45 منٹ پر اسٹیج سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ٹیلیفون پر آمد کا اعلان ہوا اس موقع پر ایم کیو ایم کا ترانہ ''ساتھی مظلوموں کا ساتھی ہے......الطاف حسین'' بجایا گیا۔ اس موقع پر تمام شرکاء نے اپنی نشستوں سے کھڑے ہوکر قائد تحریک الطاف حسین کا والہانہ انداز میں پرتپاک استقبال کیا۔ جناب الطاف حسین نے اپنے خطاب میں ایم کیو ایم کے 25 سالہ جدوجہد پر تفصیلی روشنی ڈالی اور ایم کیو ایم پر ڈھائے جانے والے مظالم، ظلم وستم کو بیان کیا اور حق پرست شہداء کا ذکر کیا۔

## الطاف حسین کے خطاب کے قبل سیکڑوں پرندے آزاد کئے گئے

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

ایم کیو ایم کے یوم تاسیس کی سلور جوبلی کے موقع پر بدھ کے روز عزیز آباد کے جناح گراؤنڈ میں ہونے والے جلسہ عام میں جناب الطاف حسین کے خطاب سے قبل صدقہ جاریہ کے طور پر سیکڑوں پرندے آزاد کئے گئے۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کے کارکنوں نے شرکاء پر گلاب کی پیتاں نچھاور کیں جبکہ اس دوران ہزاروں کی تعداد میں ایم کیو ایم کے پرچم کی مناسبت سے غبارے بھی فضاء میں چھوڑے گئے۔

## صحافیوں کو فوری طور پر ویج ایوارڈ دیا جائے، الطاف حسین

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ صحافیوں کو فوری طور پر ویج ایوارڈ دیا جائے بدھ کے روز جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم پاکستان واحد جماعت تھی جس نے صحافیوں کے ویج بورڈ کیلئے اسمبلی میں قرارداد پیش کی اور صحافیوں کے حقوق کیلئے ہر سطح پر آواز بلند کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافی برادری کی اکثریت کسمپرسی کی زندگی گزار رہی ہے لہٰذا میں مطالبہ کرتا ہوں کہ صحافیوں کیلئے فوری طور پر ویج ایوارڈ دیا جائے۔

## صحافیوں کو یادگاری سلور میڈل دیا جائے، الطاف حسین کی ہدایت

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کو ہدایت کی ہے کہ ایم کیو ایم کے سلور جوبلی یوم تاسیس کے موقع پر الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا کے صحافیوں کو یادگاری سلور میڈل دیا جائے۔ یہ اعلان انہوں نے بدھ کے روز عزیز آباد کے جناح گراؤنڈ میں ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس اعلان سے قبل جناب الطاف حسین نے جلسہ میں موجود تمام صحافیوں کو اسٹیج پر آنے کی دعوت دی اور ان کی موجودگی میں یہ اعلان کیا کہ صحافیوں کو ان کی صحافتی خدمات پر زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## اغواء کار عاصم کبیر کو رہا کردیں، الطاف حسین کی اپیل

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اغوا کاروں سے اپیل کی ہے کہ وہ انسانیت کے نام پر متحدہ قومی موومنٹ نوابشاہ کے سابق زونل انچارج اور سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی عاصم کبیر کو فوری طور پر رہا کریں۔ یہ اپیل انہوں نے بدھ کے روز جناح گراؤنڈ میں ایک بڑے جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کی۔

## سینئر صحافی بچل لغاری سے الطاف حسین سے اظہار تشکر

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

سینئر صحافی بچل لغاری نے صحافیوں کو سلور میڈل دینے اور ویج بورڈ ایوارڈ کی حمایت کرنے پر جناب الطاف حسین سے اظہار تشکر کیا ہے۔ بدھ کے روز جناح گراؤنڈ میں منعقدہ ایک جلسہ کے دوران اسٹیج پر آ کر انہوں نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے صحافیوں کے مسائل بھی پیش کئے ۔

## ایم کیو ایم حیدرآباد زون کی جانب سے ڈھائی ہزار پونڈ کا 25 منزلہ کیک تیار کیا گیا

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کی جانب سے ایم کیو ایم کے سلور جوبلی یوم تاسیس کے موقع پر ڈھائی ہزار پونڈ وزنی 25 منزلہ کیک تیار کیا گیا جو کہ بدھ کے روز پکا قلعہ گراؤنڈ حیدرآباد میں کاٹا گیا۔

## ایم کیو ایم کا 25 ویں ''سلور جوبلی'' یوم تاسیس کے موقع پر مجلّہ اور پوسٹر کا اجراء

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

ایم کیو ایم کے یوم تاسیس کی سلور جوبلی کے موقع پر متحدہ قومی موومنٹ کراچی تنظیمی کمیٹی کے زیراہتمام ایک مجلّہ ''دیپ'' کا کیا گیا۔ اس سے قبل جناب الطاف حسین اس مجلّہ کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس مجلّہ کے ساتھ ایک پوسٹر کا بھی اجراء کیا گیا ہے۔ اسی دوران ایم کیو ایم کراچی ومضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیراہتمام ایک پوسٹر کا اجراء کیا گیا۔

☆☆☆☆☆